دار الافتاء والقضاء

الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

سیریل نمبر	32427	نام	محمد داؤود	مطلوب	عمومی
تاریخ	12/24/2017	پتہ	پنجگور، بلوچستان		
رابطہ نمبر		موضوع	کاروبار		
ای میل		کاتب	رضوان محمد ولی		

السلام علیکم

چونکہ میرا تعلق ایران باڈر سے متسلک ضلع پنجگور بلوچستان سے ہے اور پیشہ تاجر ھے.
اور ھم ایران والون کے ساتھ تجارت کرتے ھیں میرے پاس اتنا زیادہ سرمایہ موجود نھین ھے کہ مین اپنے تجارت کي حجم کو اور بڑھاسکون, مین نے ایک ایراني سرمایہ دار سے ایک معاھدہ کیا ھوا ھے کہ مین ایران سے سامان منگواتا ھون آپ ایران والون کو میري طرف سے پیمنٹ کیا کرو اور اپنا پانچ سو ملین ایراني ریال میرے کاربار مین بند کرو پانچ سو سے اوپر جتنا مین قرضدار ھوا مین اوپر والے رقم آپکو دیتا رھونگا ایک مھینے کے بعد جب ھم دونون حساب کرینگے آپ نے میرے طرف سے لوگون کو جتنا بھي پیمنٹ کئے ھوئے ھیں مین آپ کو 0.008% کے حساب سے کمیشن دونگا مثلا ایک لاکھ ایراني ریال کي کمیشن آٹھ سو ایراني ھے. ویسے ھي اگر کوئي پاکستاني اپنا نقد رقم کسي ایراني کے پاس رکھے اور اس سے تقسیم کروائے وہ پاکستاني سے 0.008% فیصد کے حساب سے کمیشن وصول کرتا ھے. ایایہ جو کمیشن مین اسکو دونگا یہ سود کے زمرے مین آتا ھے کہ نھین. جواب کي اشد ضرورت ھے جتنا جلدي ھوسکے دے دین.. شکریہ

الجواب حامداً ومصلیاً

ایرانی سرمایہ دار سائل کی طرف سے لوگوں کو جتنی رقم کی پیمنٹ کرتا ہے وہ سائل کے ذمہ قرض ہوتی ہے، اور قرض کی واپسی پر اصل رقم سے زیادہ ادا کرنا سودی معاملہ میں داخل ہونے کی وجہ سے شرعاً ناجائز اور حرام ہے جس سے احتراز لازم ہے۔

فی الدر، وفی الأشباہ کل قرض جر نفعا حرام اھ

وفی الشامیۃ تحت (قولہ کل قرض جر نفعا حرام) أی إذا کان مشروطا کما علم مما نقلہ عن البحر اھ (۱۶۶/۵)۔ واللہ تعالیٰ أعلم۔

رضوان محمد کان اللہ لہ۔

دار الإفتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۲۸ - ربیع الثانی ۱۴۳۹ھ

۳۲۴۲۷

۱۴۳۹/۴/۳۰

الجواب صحیح

[illegible]

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۲۸ / ۴ / ۱۴۳۹ھ

الجواب صحیح

[illegible]

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۳۰ / ۴ / ۱۴۳۹ھ

18/1/18